


19
دُرود و سلام

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

19 دُرُود وسلام

دُرُودِ پاک کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللّٰه تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضور تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللّٰه تَعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ رُوح پرور ہے کہ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللّٰه عَزَّوَجَلَّ اُس پر دس رحمتیں نازِل فرمائے گا۔

(صَحیح مُسلِم، ص۲۱٦، حدیث:٤٠٨)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے انیس حروف کی نسبت سے 19 دُرُود و سلام

شبِ جُمعہ کا دُرُود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ

الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شبِ جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی درمیانی رات) اِس دُرُود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا موت کے وقت سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم کی زِیارت کرے گا اور قَبْر میں داخل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اُتار رہے ہیں۔

(اَفْضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۵۱ ملخصًا)

تمام گناہ مُعاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

حضرتِ سیِّدُنا اَنَس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو شخص یہ

دُرُود پاک پڑھے، اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ (المرجع السابق، ص ٦٥)

رحمت کے سَتّر دروازے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

جو یہ دُرُودِ پاک پڑھتا ہے تو اس پر رحمت کے 70 دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ (اَلْقَوْلُ الْبَدِیْع،ص۲۷۷)

ایک ہزار دن کی نیکیاں

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

حضرتِ سیِّدُنا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اس

کے پڑھنے والے کیلئے ستّر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔ (مَجمَعُ الزَّوَائِد، ج ۱۰، ص ۲۵۴، حدیث: ۱۷۳۰۵)

چھ لاکھ دُرُود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ
صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰہِ

حضرت احمد صاوِی علیہ رحمۃ اللہ الھادی بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں: اس دُرُود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ دُرُود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

(اَفْضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۴۹)

صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

قُربِ مصطفٰی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

ایک دن ایک شخص آیا تو حضورِ انور صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ
والہٖ وَسَلَّم نے اسے اپنے اور صِدّیقِ اکبر رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ
کے درمیان بٹھالیا۔ اس سے صحابۂ کرام رضی اللّٰہ تعالٰی عنھم کو
تَعَجُّب ہوا کہ یہ کون ذِی مرتبہ ہے! جب وہ چلا گیا تو سرکار
صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ جب مجھ پر دُرُود پاک
پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے۔ (اَلْقَوْلُ الْبَدِیع، ص ۱۲۵)

سب سے افضل دُرُودِ پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

حضرت عبد الرحمٰن بن ابی لیلٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں مجھے کعب بن عُجرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ ملے کہنے لگے کیا تمہیں وہ تحفہ نہ دوں جو میں نے رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم سے سنا ہے! میں نے کہا: کیوں نہیں پیش کیجئے آپ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم سے عرض کیا: یارسول اللہ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم بیشک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں (آپ پر) سلام بھیجنا سکھا دیا لیکن ہم آپ پر اور اہل بیت پر درود کیسے بھیجیں تو آپ صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: یوں کہو!

(صحیح البخاری، ج ۲، ص ۴۲۹، حدیث ۳۳۷۰)

اعلیٰ حضرت اِمامِ اَہلسنّت حضرتِ علّامہ مولانا الحاج

الحافِظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: سب دُرُودوں سے افضل دُرُود وہ ہے جو سب اعمال سے افضل (عمل) یعنی نماز میں مقرر کیا گیا ہے (یعنی درودِ ابراہیمی)۔

(فتاوی رضویہ مُخَرَّجہ ج۶، ص۱۸۳)

بخشِش و مَغْفِرَت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَاذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَاغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

کسی شخص نے حضرتِ سیِّدُنا امام شافِعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس درود پاک کی برکت سے میری بخشش فرمادی۔

(اَفْضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السَّادات، ص ۸۱ ملخصًا)

مال میں خیر و برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی
الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

صاحبِ روحُ البیان فرماتے ہیں: جو شخص اِس درود پاک کو پڑھے گا اس کا مال و دولت بڑھتا رہے گا۔

(تَفْسِیْر رُوْحُ الْبَیَان، الاحزاب تحت الآیة:٥٦، ج٧، ص٢٣٣)

قُوَّتِ حافظہ مضبوط ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ
الْكَامِلِ وَعَلٰی اٰلِہٖ كَمَا لَانِهَایَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِہٖ

اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی بیماری ہو تو وہ مغرب اور عشاء کے درمیان اس درود پاک کو کثرت سے

پڑھے، اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ حافظہ قَوِی ہوجائے گا۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۹۱، ۱۹۲ ملتقطاً)

دین ودُنیاکی نعمتیں حاصل کیجئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰہِ وَاِفْضَالِہٖ

اِس دُرُود پاک کو پڑھنے سے دین و دنیا کی بے شمار نعمتیں حاصل ہوں گی۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۵۱)

دُرُودِ شَفَاعَت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ
عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

شافِعِ اُمَم صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ معظم ہے: جو شخص یوں درودِ پاک پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجِب ہو جاتی ہے۔ (اَلتَّرْغیب وَالتَّرْھیب، ج ۲، ص ۳۲۹، حدیث: ۳۱)

آبِ کوثر سے بھرا پیالہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ
وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ
وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

حضرتِ سیِّدُنا حسن بصری علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں کہ جو شخص حوضِ کوثر سے بھرا پیالہ پینا چاہے وہ اس دُرُود پاک کو پڑھے۔ (الشفاء الجز الثانی ص ۵۷)

021-34921389-93 Ext: 1284

Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net